فتنہ و فساد اور قتل و غارت گری کے زمانہ میں عبادت کرنا ایسا ہے، جیسا میری طرف ہجرت کرنا

معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "فتنہ و فساد اور قتل و غارت گری کے زمانہ میں عبادت کرنا ایسا ہے، جیسا میری طرف ہجرت کرنا"

[صحیح] [رواہ مسلم]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے فتنہ وفساد، قتل وغارت گری اور افراتفری کے زمانہ میں یکسو ہوکر اللہ کی عبادت کرنے کی رہنمائی کی ہے اور بتایا ہے کہ اس کا اجر وثواب اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کی جانب ہجرت کرنے کے برابر ہے وجہ یہ ہے کہ عام طور پر لوگ اس سے غافل ہوکر دوسرے کاموں میں مشغول رہتے ہیں اور اس کی توفیق کچھ ہی لوگوں کو ملتی ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5020